ilmkidunya

# Urdu - FSC Part 1 Urdu Chapter 23 Short Questions Online Test

Q1. کبوتر کی دوستی کی تجویز پر گدھ نےکیا جواب دیا

**Ans 1:** گدھ نے کہا ہمسائے ماں جائے ہوتے ہیں.

---

Q2. کسی بیرونی خطرے می صورت میں ہمیں کیا طرز عمل اختیار کرنا چاہیے.

**Ans 1:** اتفاق اور اتحاد میں طاقت ہے ہمیں متحد ہو کر بیرونی خطرات کا مقابلہ کرنا چاہیے.

---

Q3. کبوتری کے اصرار پر کبوتر دوستی کے لیے سب سے پہلے کس کے پاس گیا.

**Ans 1:** کبوتری کے اصرار پر کبوتر دوستی کے لیے سب سے پہلے گدھوں کے جوڑے کے پاس گیا.

---

Q4. مرغیوں کی پسندیدہ خوراک کیا ہے.

**Ans 1:** دانہ دنکا، کیڑےمکوڑے، اور کنکر پتھر مرغیوں کے پسندیدہ خوراک ہے

---

Q5. بحر ظلمت میں گھورے ڈوڑانے کے باوجود ابن انشا کو ہرچیز کیس نظر آئی.

**Ans 1:** بحر ظلمت میں گھوڑے دوڑانے کے باوجود ابن انشا کو ہر چیز چپٹی نظر ائی

---

Q6. کبوتر اور کبوتری نے آگ کیسے بجھائی.

**Ans 1:** کبوتر اور کبوتری قریبی دریاسے پانی اپنے پروں میں بھر کر لاتے اور آگ پر گرا دیتے جس سے آگ بجھ گئی

---

Q7. مصنف کس چیز کو دنیا کی سب سے بڑی نعمت سمجھتا ہے.

**Ans 1:** مصنف مرغی کے علاوہ انڈے کو بھی دنیا کی سب سے بڑی نعمت سمجھتا ہے

---

Q8. انسان کو روٹی کے علاوہ اور کسی چیز کی ضرورت ہوتی ہے

**Ans 1:** انسان صرف روٹی پر ہی زندہ نہیں رہ سکتا بلکہ اسے مرغ مسلم کی بھی خواہش ہوتی ہے.

---

Q9. یوسفی صاحب کی شیو کی پیالی کہاں سے برامد ہوئی تھی.

**Ans 1:** یوسفی صاحب کی شیو کی پیالی مرغی کے دڑبے سے برآمد ہوئی تھی.

---

Q10. ہماری ضیافتوں میں میزبان کے اخلاص کا اندازہ کس بات سے لگایا جاتا ہے.

**Ans 1:** میزبان کے اخلاس اور ایثار کا اندازہ مرغیوں اور مہمانوں کی تعداد اور ان کے تناسب سے لگایا جاتا ہے.

---